رول نمبر: ______

Objective
Paper Code
8021

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ  کل نمبر: 20

FSD-1-24

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

**نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شبلی نے اپنی کس کتاب کے لئے "سیرت العمرین" سے مواد حاصل کیا؟ | الغزالی | المامون | الفاروق | الکلام |
| 2 | "محنت پسند خردمند" نے نمایاں کامیابیاں اور فتوحات حاصل کر کے کونسا لقب حاصل کیا؟ | محنت پسند فاتح | شہنشاہ محنت پسند | بادشاہ محنت پسند | سلطان محنت پسند |
| 3 | سبق "مواصلات کے ذرائع" میں اِن پُٹ کا اُردو متبادل لفظ کیا درج ہے؟ | مقرب | مفتح | مدخل | مخرج |
| 4 | ابن انشا، حبیب اللہ شہاب کا دیا ہوا کوٹ پہن کر کیسے لگ رہے تھے؟ | برفانی گیدڑ | برفانی شیر | برفانی ریچھ | برفانی چیتا |
| 5 | شاہد احمد دہلوی، مولوی نذیر احمد کے رشتے میں کیا لگتے تھے؟ | دادا | نانا | بیٹا | پوتا |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اس کا گھر، دکانیں اور سامان سب کچھ بک ____ | گیا | گئے | گئی | گئیں |
| 7 | نواب صاحب نے رو رو کر خطا معاف ____ | کرائی | کی | کرائے | کرائیں |
| 8 | ریوڑ گھاس چر ____ ۔ | رہا ہے | رہی ہے | رہے ہیں | رہی ہیں |
| 9 | اس پر بھروسا رکھو ____ وہ دھوکے باز نہیں۔ | کیونکہ | چونکہ | اگرچہ | اس لئے |
| 10 | اس نے دو قلم اور ایک پنسل ____ ۔ | خریدیں | خریدے | خریدی | خریدکیں |

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | مخففات کے درمیان کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | سکتہ | رابطہ | ختمہ | فجائیہ |
| 12 | کاش ____ میں گولڈ میڈل جیت لیتا۔ | : | ؛ | :- | ! |
| 13 | جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے: | ؛ | ! | " " | ( ) |
| 14 | :- یہ علامت ہے: | رابطہ کی | وقفہ کی | ندائیہ کی | تفصیلیہ کی |
| 15 | خواتین وحضرات ____ ایک ضروری اعلان سنیے۔ خواتین وحضرات کے بعد علامت ہوگی: | ؛ | : | :- | ! |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اٹھنا : | یہ کتاب اٹھادو | میں صبح سویرے اٹھتا ہوں | اسے یہاں سے اٹھادو | وہ درد کی شدت سے بلبلا اٹھا |
| 17 | کرنا : | یہ کام نہیں کرنا | میرا کام کرو | یہ کام مت کرو | وہ یہاں آیا کرتا ہے |
| 18 | لینا : | بازار سے سبزی لیتے آؤ | کھانا لیتے جاؤ | میں نے کتاب لے لی ہے | یہ لو کتاب |
| 19 | پڑنا : | وہ لڑ پڑا | میز پر اخبار پڑا ہوا ہے | وہ بستر پر پڑا ہوا ہے | میرے پیچھے کیوں پڑے ہو |
| 20 | جانا : | تم جاؤ بھی | اسے جانا ہے | کیا ہم جائیں؟ | تم یہاں سے چلے جاؤ |

[redacted]

رول نمبر:.....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

FSD-1-24

## ( حصّہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

عمر بھر صحرا نوردی کی ، مگر شادی نہ کی ۔۔۔ قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھ دار آدمی
دانش و حکمت کی ساری روشنی کے باوجود ۔۔۔ کم ہی ملتا ہے زمانے میں کم آزار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

دل میں اِک لہر سی اُٹھی ہے ابھی ۔۔۔ کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی
شور برپا ہے خانۂ دل میں ۔۔۔ کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا ۔۔۔ جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

## ( حصّہ دوئم )

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) اپنے رہنماؤں کی پکار سن کر مسلمان قوم ترقی کی راہ پر کچھ چلنے تو لگی لیکن جابجا ٹھوکریں کھاتے ہوئے۔ معاشی حیثیت سے وہ اپنے ہمسایوں سے کہیں پیچھے رہی۔ تعلیمی حیثیت سے وہ ضرور کچھ بڑھی لیکن پھر بھی پس ماندہ رہی البتہ اپنی قومی زبان و ادب کو اس نے باوجود اپنے انحطاط کے خوب چمکایا۔ اُردو علم و ادب اور صحافت کو ترقی ہوئی اور ملک میں جابجا اُردو کی علمی و ادبی انجمنیں پھیل گئیں۔

(ب) ڈھلتے سورج میں، بحرا کاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمرّد کی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ اس کے ننھے مُنے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہرانگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حُسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) محنت پسند خردمند (ii) قرطبہ کا قاضی 01,09

5۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم "اسلامی مساوات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) حقوق والدین (ii) ماحولیاتی آلودگی (iii) محنت کی عظمت 20

7۔ ایک پرانی کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ 10

[redacted]